Department of Islamic Studies 09/08/2021
M.A.Islamic Studies Semester I, Paper MIS-103
Topic: *Sunan Ibne Maja.*
Dr.Mohd Akram Raza

سنن ابن ماجہ

مصنف کتاب:

کنیت: ابو عبداللہ، نام نامی: محمد بن یزید بن عبداللہ ابن ماجہ القزوینی الربعی ہے۔ عراق کے مشہور شہر قزوین میں ۲۰۹ھ مطابق ۸۲۴/ میں پیدائش ہوئی۔ اسی نسبت سے قزوینی کہلائے اور قبیلۂ ربیعہ کی طرف نسبت کرتے ہوئے ربعی کہلاتے ہیں۔ ''ماجہ'' کے بارے میں سخت اختلاف ہے۔ بعض اس کو دادا کا نام سمجھتے ہیں جو صحیح نہیں ہے۔ بعض کا قول ہے کہ یہ آپ کی والدہ ماجدہ کا نام ہے؛ لیکن مولانا عبدالرشید نعمانی رحمہ اللہ فرماتے ہیں:

''اس بحث کو طے کرنے کا حق سب سے زیادہ مؤرخین قزوین کو ہے کہ "أہل البیت أدریٰ بما فیہ" اور ان حضرات کے بیانات حسبِ ذیل ہیں:
محدث رافعی، تاریخ قزوین میں امام ابن ماجہ کے تذکرہ میں لکھتے ہیں: ان کا نام محمد بن یزید ہے اور ماجہ یزید کا لقب ہے جس پر تشدید نہیں ہے اور حافظ ابن کثیر نے البدایۃ والنہایۃ میں حافظ حنبلی کے حوالے سے جو قزوین کے مشہور مؤرخ ہیں، نقل کیا ہے کہ ماجہ یزید کا عرف تھا۔ سب سے بڑھ کر یہ کہ اس بارے میں خود امام ابن ماجہ کے مشہور ترین شاگرد حافظ ابوالحسن بن القطان کا بیان

موجود ہے جس میں وہ نہایت جزم کے ساتھ تصریح کرتے ہیں کہ ماجہ آپ کے والد کا لقب تھا دادا کا نہیں، ظاہر ہے کہ آپ کے والد ماجد ہی کا لقب تھا، اور ماجہ فارسی زبان کا لفظ ہے، جو غالباً ''ماہ'' یا ''ماہچہ'' کا معرب ہے، اس سے ظاہر ہے کہ امام ابن ماجہ عجمی نژاد ہیں عربی النسل نہیں؛ اس لیے ربعی جو آپ کی نسبت ہے یہ نسلی نہیں؛ بلکہ نسبت ولاء ہے۔'' (امام ابن ماجہ اور علم حدیث، ص ۲)